بلوچستان صوبائی اسمبلی سیکرٹریٹ

نمبر = ص ا ب /س/۲/۲/۲۰۱۸ مورخہ ۴/جنوری ۲۰۱۹

بخدمت = جناب چیف سیکرٹری،

حکومت بلوچستان، کوئٹہ۔

موضوع = قرارداد نمبر ۲۹ منجانب ملک سکندر خان ایڈووکیٹ۔

بلوچستان صوبائی اسمبلی کے منعقدہ اجلاس یکم/فروری ۲۰۱۹ میں ذیل منظور شدہ قرارداد نمبر ۲۹ منجانب جناب ملک سکندر خان ایڈووکیٹ، قائد حزب اختلاف بمراد اطلاع و کارروائی لازمہ ارسال خدمت ہے نیز قواعد و انضباط کار بلوچستان صوبائی اسمبلی ۱۹۷۴ء کے قاعدہ نمبر (۲)۱۱۴ کے تحت قرارداد پر عمل درآمد کی بابت اسمبلی کو دو ماہ کے اندر مطلع فرمائیں۔

قــــــــرارداد۔

ہرگاہ کہ بلوچستان میں تعلیمی معیار کو مزید بہتر بنانے کی غرض سے کیمونٹی اسکولز کا قیام عمل میں لایا گیا جن میں اب چالیس ہزار کے قریب طلباء زیر تعلیم ہیں لیکن سال ۲۰۰۷ سے کنٹریکٹ کی بنیاد تعینات اساتذہ ایک طویل عرصہ گزرنے کے باوجود تاحال مستقل نہیں کیے گئے جس کی وجہ سے ان طلباء کا تعلیم متاثر ہونے کا اندیشہ ہے۔

لہذا یہ ایوان صوبائی حکومت سے سفارش کرتا ہے کہ وہ کیمونٹی میں کنٹریکٹ کی بنیاد پر تعینات ۷۸۶ اساتذہ کو فوری طور مستقل کرے تاکہ کیمونٹی اسکولز میں زیر تعلیم طلباء اپنا تعلیم جاری کر سکیں۔

(شمس الدین)

معتمد،

نقل برائے اطلاع بخدمت:۔

۱) جناب بخدمت ملک سکندر خان ایڈووکیٹ قائد حزب اختلاف/محرک قرارداد۔
۲) جناب سیکرٹری قومی اسمبلی، پاکستان، اسلام آباد۔
۳) جناب سیکرٹری سینٹ، سینٹ سیکرٹریٹ پاکستان، اسلام آباد۔
۴) جناب پرنسپل سیکرٹری پریزیڈنٹ سیکرٹریٹ، (پبلک) ایوان صدر، اسلام آباد۔
۵) جناب پرنسپل سیکرٹری برائے وزیراعظم پاکستان، وزیراعظم سیکرٹریٹ، اسلام آباد۔
۶) جناب پرنسپل سیکرٹری برائے وزیراعلیٰ، بلوچستان، کوئٹہ۔
۷) جناب سیکرٹری محکمہ قانون و پارلیمانی امور، حکومت بلوچستان، کوئٹہ۔
۸) جناب سیکرٹری محکمہ ثانوی تعلیم، حکومت بلوچستان، کوئٹہ۔
۹) جناب سیکرٹری، صوبائی اسمبلی، پنجاب، لاہور۔ سندھ، کراچی۔ خیبر پختونخوا، پشاور۔ قانون ساز اسمبلی آزاد جموں کشمیر، مظفر آباد۔ قانون ساز اسمبلی گلگت اسمبلی، گلگت بلتستان۔

〈قادر بخش شاھوانی〉

نائب معتمد، (سوالات)